© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

- پاکستان کو انشاء اللہ نیا پاکستان بنا دیں گے۔ (نواز شریف)

بھٹو نے بھی یہی کہا تھا۔ مگر پاکستان دو ٹکڑے کر گیا

- حکومت میں بے نظیر کو گرفتار کرنے کا دم خم نہیں۔ (یوسف رضا)

جیسے بے نظیر میں نواز شریف کو گرفتار کرنے کا دم خم نہیں تھا۔

- امریکہ نے ڈاکٹر قدیر کی لیبارٹری پر دو سال کے لئے پابندی لگا دی۔ (ایک خبر)

ڈاکٹر قدیر کی لیبارٹری ہے، کارپوریشن کا کھوکھا نہیں۔

- اقوام متحدہ کے مشیر ڈاکٹر نصیر "ایوان وقت" میں (ایک تصویر)

تصویر سے تو کوئی ایکٹر معلوم ہوتا ہے!

- میرے پاس بچوں کی سکول فیس کے لئے بھی پیسے نہیں ہیں۔ (بے نظیر)

دامنِ زردار خدا ڈھانپ لے پردہ تیرا

- بلوں نے ہوش اڑا دیئے۔ ایک صارف کو بچی کی بالیاں بیچنا پڑیں۔ (ایک خبر)

بجلی کا اصلی خرچ تین سو روپے، بل ایک ہزار روپے!

- پاکستان توہین رسالت کا قانون ختم کر دے۔ (امریکہ)

توں کون ایں؟ میں جاچا خوامخواہ۔

- حق مہر معاف نہ کرنے پر دو بچوں کی ماں کو آگ لگا دی۔ (ایک خبر

ڈھالے ہیں سیم و زر نے کمینے نئے نئے

- گوجرانوالہ کے تین تھانیداروں کی پیٹیاں اتروالی گئیں۔ (ایک خبر)

گویا ملتان کے تین آموں کی پیٹیاں اتروالی گئیں۔

- پی ٹی وی کو مکمل گھریلو چینل بنائیں۔ (نواز شریف)

اور باقی جیسا ہے، رہنے دیں۔

- بوریوالہ پولیس نے مزدور رہنما کو بازار میں ننگا پھرایا۔ (ایک خبر)

خوش قسمت ہے، پولیس مقابلہ میں نہیں مارا گیا۔

- ارکان اسمبلی استعفیٰ دیں۔ ہم پھر انہیں اسمبلیوں میں پہنچا دیں گے۔ (طاہر القادری)

بڑی پہنچی ہوئی سرکار لگتی ہیں۔

- بائبل میں توہین رسالت کی سزا سنگسار ہے (نسیب کینتھ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو پھر عیسائی توہین رسالت کیوں کر رہے ہیں؟

○ حکم ملا تو ایٹمی دھماکہ کر دیں گے۔ (ڈاکٹر قدیر)

دشمن زیر میرے شیر!

○ بے روزگار مایوس نہ ہوں۔ انہیں جلد ایک نہیں دس روزگار ملیں گے (نواز شریف)

نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی

○ حاکم زرداری کا آصف زرداری سے اعلان لاتعلقی۔ مجھے اس کے ساتھ نتھی نہ کیا جائے (ایک خبر)

مصیبت میں سایہ بھی ساتھ چھوڑ جاتا ہے۔

○ خدمت کمیٹیوں کی سفارشات پر عمل نہ کرنے والوں کا انجام دنیا دیکھے گی۔ (ممتاز تارڑ)

تماشا خود نہ بن جانا، تماشا دیکھنے والو

○ لٹیرے بااثر لوگ بن گئے ہیں۔ (ضیاء شاہد)

جمہوریت اور الیکشن کی کرامات ہیں۔

○ پولیس نے تلاشی نہ دینے پر نوجوان مار ڈالا۔ (ایک خبر)

پولیس جیسے اب وحشی ہو رہی ہے۔ کبھی نہ تھی۔

○ بے نظیر کا میاں شریف سے رابطہ! (ایک خبر)

بے شرمی کی حد ہے

○ روشنی کے چراغ جلیں گے۔ (نواز شریف)

فی الحال تو گھروں کے چراغ بجھ رہے ہیں۔

○ لغاری نے زکوٰۃ اور بیت المال کی رقم سے چوٹی میں محل بنوایا۔ (ذوالفقار کھوسہ)

چوٹی کا سردار ہو یا کوئی اور یتیموں بیواؤں کا مال ہضم نہیں ہوگا۔

○ شانِ رسالت میں توہین آمیز ریمارکس پر قادیانی ڈاکٹر گرفتار۔ (ایک خبر)

رواداری کے پرچارک یہاں کیا کہتے ہیں؟

○ سیکولر طبقہ نے میری داڑھی کا مذاق اڑایا۔ علماء تماشا دیکھتے رہے (رفیق تارڑ)

داڑھی کا مذاق اڑانے والی حرافہ کے پہلو میں بیٹھنے والے طاہر القادری جواب دیں۔

○ پاکستان کو دیوار کے ساتھ لگانا امریکہ کو مہنگا پڑے گا۔ (حمید گل)

روس کا حشر سب کے سامنے ہے۔

○ زرداری کی چھ شوگر ملیں بند کر دی گئیں۔ (ایک خبر)

اور بیگم زرداری کہتی ہیں۔ میرے پاس بچوں کی فیس کے لئے پیسے نہیں۔

○ میں ملتان کا نقشہ بدل دوں گا (سعید انصاری)

مہربانی فرمائیں نقشہ نہ بدلیں۔ ملتان اسی جگہ ٹھیک ہے۔

© rasailojaraid.com